# حکومت پھر سے معاشرے کو کھولنے کے منصوبے کے پہلے مرحلے کو شروع کر رہی ہے

محکمہ برائے صحت اور ایف ایچ آئی سے مشورے کے بعد، حکومت 16 اپریل بروز جمعہ، نصف شب سے پھر سے معاشرے کو کھولنے کے منصوبے پر عمل درآمد کرے گی۔ اس کے علاوہ 20 سال سے کم عمر بچوں اور نوجوانوں کے لیے کھیل کی سرگرمیوں اور اعلیٰ پیمانے کے کھیلوں کی تقاریب میں کچھ نرمی کی جاتی ہے۔ زیادہ انفیکشن کے دباو والی بلدیات جمعہ سے پہلے مقامی اقدامات نافذ کرنے کے عمل پر غور کر لیں۔

حکومت کے معاشرے کو پھر سے کھولنے کے منصوبے کا پہلا مرحلہ قومی اقدامات کو واپس لینا ہے جو ایسٹر سے پہلے متعارف کروائے گئے تھے۔

۔وزیر اعظم ایرنا سولبرگ کا کہنا تھا، کہ اس حقیقت کی بدولت کہ لوگ محتاظ رہے اور ہم نے ایسٹر میں انفیکشن میں اضافہ نہ کرنے میں مل کر حصہ لیا، جس کی وجہ سے ہم اس جمعہ سے ہی پھر سے معاشرے کو کھولنے کے منصوبے پر پہلا قدم اٹھا سکتے ہیں۔

قومی اقدامات میں نرمی سے ملک کے ان مشرقی علاقوں پر کوئی فرق نہیں پڑے گا جن پر حکومت کی طرف سے طے شدہ علاقائی اقدامات نافذ ہیں، یا ایسی بلدیات جہاں پر سخت مقامی ضابطے ہیں، جیسے اوسلو اور ستائن شیر۔

۔ سولبرگ کا کہنا تھا، اگر چہ جمعہ سے قومی اقدمات میں کچھ نرمیاں کی جا رہی ہیں، پھر بھی وہ سخت ہیں۔ مثال کے طور پر، شراب پیش کرنے پر دس بجے پابندی لیکن طعام کی خدمت ساتھ مشروط ہوگی، اور ہم مشورہ دیتے ہیں کہ متعدد بلدیات سے لوگوں کو اکٹھا کرنے والی تقاریب کو ملتوی یا منسوخ کر دیا جائے۔

تمام بلدیات کو مستعدی سے تیار رہنا چاہیے، ان کو بھی جہاں انفیکشن کا دباو کم ہے۔ ایسے علاقے اور بلدیات جہاں انفیکشن کا دباو زیادہ ہے انھیں انفیکشن کی صورتحال کے پیشِ نظر مقامی سطح پر انفیکشن کو قابو کرنے کے سخت اقدامات متعارف کروانے پر غور کرنا چاہیے۔اگر بلدیاتی معالج، ضروری ہو توبلدیہ میں زیرِ غور سیاسی تدابیر پر اقدامات کے بارے میں فوری فیصلے متعارف کروا سکتا ہے۔

چونکہ بلدیات کو اپنے سخت اقدامات کی تبدیلیوں کا اندازہ کرنے کے لیے وقت درکار ہے، اس لئے قومی اقدامات کا نفاذ جمعہ 16 اپریل کی نصف شب سے ہوگا۔

## اسکولوں اور بارنے ہاگے میں اقدامات کی سطح کے بارے میں مقامی فیصلے

ملک کے مختلف حصوں میں علاقہ در علاقہ انفیکشن کی صورتحال میں بہت فرق ہے۔ لہذا حکومت کا یہ ماننا ہے کہ اسکولوں اور بارنے ہاگے میں اقدامات کی سطح کا فیصلہ اب بھی مقامی طور پر کیا جانا چاہیے۔

۔ اسکولوں اور بارنے ہاگے کے مکمل بند کرنے کے عمل کو جہاں تک ممکن ہو محدود ہونا چاہیے۔ لیکن بلدیات اسکولوں میں مکمل ڈیجیٹل تعلیم دینے کی تبدیلی پر غور کر سکتی ہیں، یا بارنے ہاگے کو مختصر عرصہ کے لیے بند کیا جائے، تاکہ صورتحال کا جائزہ لیا جا سکے اور جن کی جانچ ہونی چاہیے انکی جانچ کا موقع مل سکے۔ اس کا امکان بھی ہے کہ بہت سے افراد کو قرنطینہ کر دیا جائے، ایسا کہنا تھا وزیر برائے تعلیم و انضمام گُوری میلبی کا۔

## 20 سال سے کم عمر بچوں اور نوجوانوں کے لیے کھیل۔ اور ثقافتی تقاریب

۔وزیر برائے اطفال اور خاندان شیل انگولف روپستاد کا کہنا تھا، اب ہم اس طرح تبدیلیاں لا رہے ہیں تا کہ بچوں اور نوجوانوں کے کھیلوں۔ اور ثقافتی تقاریب میں 50 تک شرکاء حصہ لے سکیں۔ یہ بہت سے بچوں اور نوجوانوں کے لیے خوشخبری ہے جو کھیلوں کے علاوہ دیگر تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں، مثال کے طور پر بینڈ باجے والے، کورس میں گانے والے یا تھیٹر۔ لیکن شرکاء کا تعلق ایک ہی بلدیہ سے ہونا چاہیے۔

اس طرح کی تقاریب میں 50 افراد تک کی شرکت ممکن ہے، بے شک حاضرین مقررہ متعین کی گئی نشیستوں پر نہ بیٹھے ہوں۔ جب حاضرین مختص کردہ نشستوں پر براجمان ہوں تو عام تعداد کی پابندیاں عائد ہوتی ہیں۔

## بالغوں کے لیے کھیل۔ اور ثقافتی تقاریب

محکمہ برائے صحت اور ایف ایچ آئی کی سفارشات کے بعد خواتین اور مردوں کے لیے فٹبال کی ٹاپ دو ڈویژنوں میں بیرونی مشقی کھیلوں کے لیے کھولا جاتا ہے۔ تربیتی کھیلوں کو کم سے کم جغرافیائی نقل و حرکت کے ساتھ سرانجام دیا جانا چاہیے، اور ناروے کے فٹبال ایسوسی ایشن کے انفیکشن کنٹرول پروٹوکول کی تعمیل فرض کی جاتی ہے۔ جن بلدیات میں قومی اقدامات کی سطح پیمائش A اور B ہیں وہاں پر بھی خواتین اور مردوں کے فٹبال میں ٹاپ دو ڈویژنوں میں مشقی کھیلوں کی اجازت ہے۔ ان بلدیات میں کھیلوں کے دوران صرف کھلاڑی، معاون عملہ اور ریفری موجود ہو سکتے ہیں۔

تربیتی کھیلوں کے تجربات اور انفیکشن کی صورتحال کے تازہ ترین جائزے کی بنیاد پر، حکومت ہفتہ اٹھارہ میں خواتین اور مردوں کے لیے فٹبال میں دو ٹاپ ڈویژنوں میں لیگ کے کھیلوں افتتاح کے بارے میں آخری فیصلہ کرے گی۔

اقداماتی سطح A کی پیمائش کے مطابق علاقائی اقدامات رکھنے والی بلدیات میں، اعلیٰ کھلاڑیوں کے لیے منظم تربیت کی بھی اجازت ہوگی۔ یہ فوری طور پر نافذ العمل ہے۔

## اندرون ملک سفر سے گریز کے متعلق سفارشات

ناروے میں انفیکشن کے زیادہ تر معاملات اوسلو اور ویکن سے منسلک ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ابھی بھی قومی اقدامات کی ضرورت ہی جو ایسے علاقوں میں جہاں انفیکشن بہت کم یا بلکل نہیں میں انفیکشن کے پھیلنے کے خطرے کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوں۔

۔شیل انگولف روپستاد کا کہنا تھا ، گزارش یہی کی جاتی ہے کے اندرون ملک غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے۔ یہ خاص طور پر ان علاقوں میں آنے جانے کے لیے اہم ہے،جہاں انفیکشن کا دباو زیادہ ہے۔

## رمضان المبارک اور عید کا تہوار

آج رمضان المبارک شروع ہو رہا ہے۔ یہ ایک تہوار ہے جو ناروے میں بہت سے لوگوں کے لیے اہمیت رکھتا ہے، اور جو عام طور پر لوگوں کو مذہبی طور پر یکجا کرتا ہے۔ جیسے کے افطار اور عید کا تہوار۔

لہذا میں آپ کو یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ سماجی اجتماعات سے انفیکشن کے پھیلاو کے خطرے میں اضافہ ہوتا ہے اور ہر ایک کو اس چیز کو محدود کرنا ہوگا کتنے لوگ اکٹھے ہوتے ہیں۔ اور میں جانتا ہوں کے ملک بھر کی مذہبی جماعتیں اس بات کو سنجیدگی سے لیتی ہیں۔میں اس بات کی یاد دہانی بھی کروانا چاہتا ہوں کہ مسجد میں جمع ہونا بھی اجتماع سمجھا جاتا ہے، اور صرف چند لوگوں کی موجودگی میں انجام دیا جانا چاہیے۔ لیکن مقامی اقدامات سخت ہو سکتے ہیں، اور ہر ایک کو اپنے رہائشی مرکز کے قوائد و ضوابط سے واقفیت ہونی چاہیے۔ نجی گھروں میں میل ملاپ کے بھی۔ روپستاد کا یہ بھی کہنا تھا، ہم چاہتے ہیں یہ رمضان المبارک سب کے لیے ممکنہ حد تک اچھا اور محفوظ گزرے۔

رمضان المبارک میں، روزہ دار مسلمان سورج غروب ہونے سے پہلے کھا پی نہیں سکتے۔ اس سال ناروے میں متعدد مساجد اور تنظیموں سے پوچھا گیا ہے کہ آیا روزے کی حالت میں کرونا ویکسین لگوانے کی اجازت ہے۔ مسلم ڈائلاگ نیٹ ورک اور اسلامی کونسل برائے ناروے نے کہا ہے کہ روزے دوران ویکسین لگوائی جا سکتی ہے اور اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

### مرحلہ نمبر 2 کا تجزیہ

اعداد و شمار اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ اگلے مرحلے کی طرف کب بڑھنا ہے نہ کہ تاریخیں۔ مرکزی اصول کے مطابق دونوں مرحلوں کے مابین 3 ہفتوں کی مدت ہوگی۔

۔تین معاشاتی نکات کے جامع تجزیئے کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا کہ مرحلہ نمبر 2 کے معاشرے کو دوبارہ کھولنے کے منصوبے کی جانب بڑھا جاسکتا ہے۔انفیکشن کی صورتحال اور بیماری کا دباؤ ،شعبہ صحت کی خدماتی صلاحیت اور ویکسینیشن پروگرام کی صورتحال۔ ہم یہ

تجزیہ کریں گے کہ آیا مئی کے مہینے میں معاشرے کو دوبارہ کھولنے کیلیئے حالات موافق ہیں۔ وزیراعظم سولبرگ کا کہنا ہے کہ درجہ بہ درجہ، حالات پر قابو رکھتے ہوئے ناروے کو کھولیں گے۔

## یہ وہ قومی اقدامات ہیں جن کا اطلاق 16اپریل سے ہوگا:

### ملک گیر سفارشات۔

ایک میٹر کا فاصلہ رکھیں۔ ہاتھ صاف رکھیں۔ بیمار ہونے کی صورت میں گھر پر ہی رہیں۔

### سماجی رابطہ

- تمام افراد کو سماجی رابطے محدود کرنے چاہیے۔
- دوسرے افراد سے ملاقات بیرون خانہ کریں اور پانچ سے زیادہ مہمانوں کو مدعو نہ کریں۔ اگر آنے والے تمام مہمانوں کاتعلق ایک ہی گھرانے سے ہو تو زیادہ بھی ہوسکتے ہیں، لیکن مناسب فاصلہ قائم رکھنے کے قابل ہونا چاہیے (نیا)
- بارے ہاگن کے بچے اپنے ہی گروہ یا دھڑے سے تعلق رکھنے والے بچوں سے ملاقات کیلیئے آجاسکتے ہیں۔ بچے، اپنے بارے ہاگن یا نرسری اور بچوں کے سکول کے گروہ یا دھڑے اور نوجوان اپنے ایک دو مستقل دوستوں کے ساتھ ملاقات کیلیئے آجا سکتے ہیں۔

### سفر

- بیرون ملک سفر سے گریز کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ صرف نہایت ضروری سفر کیے جاسکتے ہیں۔
- اندرون ملک غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ خاص طور پر ان علاقوں میں آنا جانا جہاں بیماری کا دباؤ زیا دہ ہے۔
- (ذاتی یا کرائے پر لیے گئے) کیبن پر اندرون ملک ہوٹل پر جایا جاسکتا ہے لیکن جہاں تک ممکن ہو عوامی ٹرانسپورٹ سے گریز کریں۔
- ملازمت اور تعلیم کے سلسلے میں سفر کو ضروری سمجھا جاسکتا ہے۔
- وہ افراد جو ایسی بلدیات کی جانب سفر کرتے ہیں جہاں کم سخت اقدامات لاگو ہوں تو انہیں اپنی رہائشی بلدیہ کے لاگو اقدامات پر عمل کرنا چاہیے۔

## اسکول اور بارے ہاگن

- بارے ہاگن اور اسکول ٹریفک لائٹ ماڈل کے مطابق زرد سطح پر ہیں۔

### کاروباری زندگی

- تمام افراد جن کے پاس گھر سے کام کرنے کی سہولت ہو وہ گھر سے کام کریں۔

**تجارت و صنعت**

- بیماری سے بچاؤ کے اقدامات کے ساتھ کھلا بمطابق شعبے کے معیار اورشرائط کے اصول۔

## کھیل اور تفریحی سرگرمیاں

- بچے اور 20 سال سے کم عمر کے نوجوان معمول کے مطابق تربیت اور تفریحی سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ سرگرمی میں حصہ لینے کیلئے ضرورت پڑنے پر ایک میٹر کے فاصلے کی سفارش سے مستثنیٰ کیا جاتا ہے۔
- اگر بچے اور نوجوان تربیت یا مشق کرتے ہیں ایک ٹیم، تنظیم یا کسی ایسی قسم کی انجمن کے ساتھ کسی جو دوسری بلدیہ میں تو جب تک انفیکشن کی صورت حال اس کی اجازت دے تو وہ اس سرگرمی میں شریک ہوسکیں گے (نیا)
- بچے اور 20 سال سے کم عمر نوجوان جو ایک ایسے کھیل یا سرگرمی میں شامل ہوتے ہیں جس میں قریبی رابطہ شامل نہیں ہوتا، جیسے اسکیٹنگ وغیرہ تو وہ ایسے کھیلوں کے بیرون خانہ مقابلوں میں جہاں اس ضلع یا کھیل کے حلقہ کے افراد کو جمع کیا جاتا ہے اس میں شامل ہوسکیں گے۔ یہاں ضلع سے مراد جغرافیائی خطہ ہے۔
- بالغ افراد اندورن خانہ منظم سرگرمیوں میں 10 تک کے گروہ میں حصہ لے سکتے ہیں جب تک ایک میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنا ممکن ہو۔ (نیا)
- اعلیٰ سطح کے کھلاڑی معمول کے مطابق اندرون خانہ اور بیرون خانہ تربیت و مشق کرسکتے ہیں۔

## اعلیٰ تعلیم

- بیماری سے بچاؤ والے اقدامات کے ساتھ تدریسی مدارس میں حاضری ممکن ہے۔ پڑھائی والے کمروں اور لائبیریوں تک رسائی۔ بڑے پیمانے پر دروس اور اجتماعات سے گریز جبکے چھوٹے گروہ میں پڑھائی کی جاسکتی ہے۔ (نیا)

## ملک گیر قواعد

**نجی محفلیں اور تقاریب۔**

- مختلف بلدیات سے جمع کرنے والے اجتماعات اور تقاریب کو ملتوی یا منسوخ کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

تقاریب کیلئے قواعد مندرجہ ذیل ہیں۔

- اپنے گھر کے علاوہ، مثلاً کرایہ پر لیے گئے احاطوں میں اندرون خانہ زیادہ سے زیادہ 10افراد، بیرون خانہ20تک افراد، بارنے باگن اور بچوں کے اسکولوں کے ایک ہی گروہ یا پھر دھڑے سے تعلق رکھنے والے بچے ملاقات کرسکتے ہیں بمع ان سہولت کار بالغ افراد کے ہمراہ جن کا ہونا ضروری ہو۔
- اندرون خانہ 10تک افراد بغیر مستقل تفویض شدہ نشستوں کی تقریب میں شامل ہوسکتے ہیں۔ مگرایسے کھیل اور ثقافتی اجتماع جو 20سال سے کم عمر کے شرکاء کو جمع کرتے ہیں وہاں 50تک افراد کی اجازت جہاں سب کا تعلق ایک ہی بلدیہ سے ہو۔ (ثقافتی تقریبوں میں 50تک افراد، نیا)
- 100تک افراد ایسی تقاریب میں جہاں حاضرین مستقل تفویض شدہ نشستوں پر بیٹھے ہوں۔
- بیرون خانہ تقاریب میں 200تک افراد، لیکن 600افراد(200افراد کے 3دھڑے) اگر تمام افراد مستقل تفویض شدہ نشستوں پر بیٹھے ہوں اور دھڑوں یا گروہوں کے درمیان فاصلہ دو میٹر کا ہو(نیا)
- مستقل تفویض شدہ نشستوں پر براجمان افراد جن کا تعلق ایک گھرانے سے نہ ہو ان کے مابین فاصلے کی شرائط پر عملدرآمد کیلئے منتظم نے اقدمات اُٹھانے ہوں گے۔ ضرورت پڑنے پر اس کیلئے سیکورٹی یا پہرے کا انتظام کیا جائے گا۔
- تقاریب میں شراب کے پیش کیے جانے پر وہی قواعد لاگو ہوتے ہیں جن کا اطلاق ایسی مستقل پیش کرنے والی جگہوں پر ہوتا ہے۔ (نیا)

## نائٹ لائف، ریستوراں اور شراب پیش کرنے کے اجازت نامہ کے ساتھ تقاریب

- شراب پیش کرنا، طعام کے ساتھ مشروط ہے۔ رات 22بجے سے شراب پیش کرنے پر ممانعت (نیا)
- وہ گاہک اور مہمان جو اس کی اجازت دیں ان کی رابطی معلومات کا اندراج کیا جائے گا۔